## سوال

(487)ایک مسجد میں دوبارہ جماعت پر تکبیر کہنی چاہیے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی مسجد میں وقت معینہ پر مصلیوں نے نماز باجماعت ادا کرلی۔پیچھے سے چند نمازی اور بھی مسجد میں آئے۔ تو وہ لوگ نماز جماعت سے ادا کریں ی فردا فردا پڑھ لیں۔ اور اگر نمازی جماعت بنا کر پڑھیں۔ تو اس موقع پر اقامت کہنی چاہیے یا نہیں اس کے خلاف بعض علماء فرماتے ہیں۔ کہ اقامت ضروری نہیں ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جماعت ثانیہ بلکہ ثالثہ رابعہ بھی جائز ہے۔ ترمذی میں حدیث ہے۔ آپ ﷺ کے سامنے جماعت ثانیہ ہوئی۔ تکبیر حاضرین کو جمع کرنے کے لئے ہے۔کہے تو مستحب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

**جلد01ص636**

محدث فتویٰ